بانی تنظیم
ڈاکٹر اسرار احمدؒ

امیر تنظیم
شجاع الدین شیخ

# شعبہ نشرو اشاعت

# تنظیم اسلامی پاکستان

36۔ کے' ماڈل ٹاؤن لاہور' فون: 03-5869501' فیکس: 5834000

24-نومبر 2020ء

## پریس ریلیز

## علامہ خادم حسین رضوی کی وفات عالم اسلام کے لیے ایک عظیم سانحہ ہے۔

### شجاع الدین شیخ

---

لاہور (پ ر)۔علامہ خادم حسین رضوی کی وفات عالم اسلام کے لیے ایک عظیم سانحہ ہے۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ مرحوم سچے عاشق رسول تھے۔ وہ مجاہدِ اسلام اور دبنگ انسان تھے۔ وہ تحفظِ ناموسِ رسالت اور غلبہ' دین کے موضوعات پر بے باک انداز میں گفتگو کرتے تھے، نہ خوفزدہ ہوتے تھے اور نہ مرعوب ہوتے تھے۔ وہ قرآن پاک کے حافظ تھے۔علامہ اقبال کے اردو، فارسی کلام پر بھی انہیں دسترس حاصل تھی۔ وہ اپنے خطبات میں قرآن پاک کی آیات اور علامہ اقبال کے اشعار کو بڑے احسن انداز میں پرو دیتے تھے۔انہوں نے اپنے کارکنوں کی تربیت پر خصوصی محنت کی تھی۔ لہٰذا وہ بڑے منظم ہیں اور اپنے قائد سے والہانہ محبت کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کے صُلبی ومعنوی ورثا کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ اسلام کے لیے اُن کے جوش و جذبہ اور مخلصانہ کوششوں کو قبول فرمائے۔ اُنہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور اُن کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

جاری کردہ

**ایوب بیگ مرزا**

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 24 November 2020**

## "The sad demise of Allama Khadim Hussain Rizvi is a great loss and big calamity for the Islamic World."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The sad demise of Allama Khadim Hussain Rizvi is a great loss and big calamity for the Islamic World."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that the deceased was a true *Aashiq-e-Rasool (SAAW)*. He was a warrior of Islam and a robust religious personality. He spoke forcefully and compellingly on the topics of the protection of the honor and dignity of the Holy Prophet *(SAAW)* and the dominance of the Deen, with no fear or awe of others. He had memorized the Holy Qur'an. He also had great command over the Urdu and Persian poetry of Allama Iqbal. He used to inject the verses of the Holy Qur'an and couplets from the poetry of Allama Iqbal into his sermons in an incredibly eloquent manner. He had made special efforts in edifying, training and developing his followers, therefore his devotees are very disciplined and used to love their leader with all heart and soul. The Ameer supplicated that may Allah *(SWT)* provide forbearance to his physical as well as spiritual heirs. May Allah *(SWT)* accept his vigor and dynamism as well as sincere efforts for the cause of Islam. May Allah *(SWT)* make Jannat-ul-Firdous his eternal abode and increase his ranks and lofty stations in paradise.

***Aameen!***

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**